خوف کیوں؟

لہٰذا ضروری ہے کہ رجوع الی اللہ، انابت الی اللہ اور اپنے اسلاف کی طرح توکل علی اللہ کو اپنا شیوہ بنائیں۔

(۵) حضرات مہتممین و ناظمین سے گزارش ہے کہ وہ اس امانت کو جو اللہ تعالیٰ اور اہل اسلام کی طرف سے ان کے سپرد کی گئی ہے۔ اور یہ امانت فرزندان ملت اسلامیہ یعنی طلبہ کی صورت میں ان کے پاس ہو، یا ان پر صرف کئے جانے والے اموال و اسباب ہر دور میں تقویٰ اللہ کو اپنا شعار بنائیں، اور اس سلسلہ میں حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس رحمہ اللہ کی روایت سے شیخین حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ و مولانا اشرف علی تھانوی رح کے پر حکمت کلمات کو قائد راہ بنائیں۔

مہتمم حضرات کی راہنمائی کے لیے مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں۔

"مہتمم وہ ہے جو عند اللہ ملعون نہ ہو اور عند الخلق مطعون نہ ہو"

اور مولانا اشرف علی تھانویؒ کا فرمان ہے۔

"مہتمم ولی مال یتیم ہے"

حق تعالیٰ شانہ مدارس دینیہ کی حفاظت فرمائے اور ان کے منتظمین معاونین اور محبین کو توفیق مزید بخشیں۔ آمین

حقانی کتابیں

ایک مطالعہ و تعارف اور نقد و تبصرہ

مولانا سعید الرحمٰن علوی

•

مولانا عبدالقیوم حقانی کی تصنیفات پر علمی ادبی جائزہ تجزیہ تبصرہ، تنقید و تحقیق، فکری استقلال کی دعوت، اسلامی انقلاب کی منفرد آواز، فکر و عمل کے نئے زاویے بہترین علمی افادات ایک دیدہ ور کی نظر، ایک ادیب کا بیان، ایک مورخ کی زبان، علمی، ادبی، تاریخی، درسی، تبلیغی اور تحقیقی ذوق رکھنے والے احباب کے لیے ایک انمول سوغات قیمت ۲۵ روپے

ادارۃ العلم والتحقیق دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (نوشہرہ پاکستان)